Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک، 28 اگست 2026ء ، 14 ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 130

ریسکیو کو جدید سہولیات فراہم کر دی ہیں عظمیٰ بخاری

پنجاب کی 39 تحصیلوں میں 39 نئی فائر گاڑیاں فراہم، 429 اہلکار تعینات ہوں گے، ریسکیو پنجاب دنیا کے نمبر ون ایمرجنسی اداروں میں شامل

2 لاکھ 97 ہزار سے زائد آتشزدگی کے واقعات میں بروقت کارروائی ہوئی، پنجاب کی تمام تحصیلوں تک فائر ریسکیو سروسز کی توسیع، منصوبے پر ایک ارب 88 کروڑ روپے خرچ ہوں گے، وزیر اطلاعات

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پی کے ایل آئی راولپنڈی کے دورہ کے دوران مریضوں کے لواحقین سے بات چیت کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ریسکیو سروسز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے ہیں، جس کے تحت پنجاب کی 39 تحصیلوں میں 39 نئی فائر گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ 39 تحصیلوں میں فائر ریسکیو سروسز کی فراہمی کے منصوبے کی مجموعی لاگت ایک ارب 88 کروڑ (بقیہ نمبر 1)

ملک وقوم کے مفاد میں چارٹر آف اکانومی پر اتفاق کرنا ہوگا، قیصر احمد شیخ

تعلیم اور صحت ایسے بنیادی شعبے ہیں جنہیں قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھنے کی ضرورت ہے

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ ملک وقوم کے مفاد میں چارٹر آف اکانومی پر اتفاق کرنا ہوگا۔ یہ بات وفاقی وزیر بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے سرینا ہوٹل میں رچمنڈ انسٹیٹیوٹ آف ہائر ایجوکیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم اور صحت ایسے بنیادی شعبے ہیں جنہیں قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال میں (بقیہ نمبر 2)

سانحہ پمز کی انکوائری کمیٹی کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری

میجر جنرل (ر) ڈاکٹر خورشید اُتر، ڈاکٹر بیرسٹر نبیل اعوان اور ڈی سی اسلام آباد بھی کمیٹی کے ارکان ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر سانحہ پمز کی انکوائری کمیٹی کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، ریٹائرڈ وفاقی سیکریٹری شاہد خان انکوائری کمیٹی کے سربراہ مقرر کیے گئے ہیں۔ میجر جنرل (ر) ڈاکٹر (بقیہ نمبر 5)

محسن نقوی اور بیرسٹر گوہر کا رابطہ ہے جو اچھا ہے، رانا ثنا اللہ

نومئی کو فوج میں بغاوت کی کوشش کی گئی، یہ بہت بڑا جرم ہے، مشیر وزیر اعظم برائے سیاسی امور

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا رابطہ ہے یہ اچھا ہے اس کے ذریعے بات کرنی چاہیے، علی امین (بقیہ نمبر 4)

سانحہ پمز ہسپتال جاں بحق ہونیوالے 14 بچے سپرد خاک

چودہ خاندانوں میں خوشیاں لانے والے معصوم نومولودوں کی موت پر ہر طرف اداسی اور غم کا راج، ہر آنکھ اشکبار دکھائی دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ لگنے سے 14 نومولود جاں بحق ہو گئے، جنہیں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا، 14 خاندانوں میں خوشیاں لانے (بقیہ نمبر 3)

منبر اور محراب سے محبت رواداری اور بھائی چارے کا پیغام عام کیا جائے قومی سیرت النبیؐ کانفرنس سے خطاب

دشمن نے خطے کے مسلمان ممالک میں تقسیم کی پوری کوشش کی

فیلڈ مارشل نے ناکام بنا دی

تاریخی مکہ دفاعی معاہدہ ہوا ہے، ترکیے اور سعودی عرب نے ہر اچھے اور برے وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا، منبر اور محراب سے محبت، رواداری اور بھائی چارے کا پیغام عام کیا جائے، وزیر اعظم کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دشمن نے پوری کوشش کی کہ خطے کے مسلمان ممالک میں تقسیم پیدا کریں، مسلمانوں میں تقسیم کی سازش کو فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ناکام بنایا، امن دشمن عناصر مسلم ممالک میں نفرت پیدا کرنے میں ناکام رہے۔ گزشتہ روز قومی سیرت النبیؐ کانفرنس میں وزیر اعظم شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی امن کیلئے کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا جبکہ ترکیے اور سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو سراہا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے درمیان تاریخی مکہ دفاعی معاہدہ ہوا۔ ترکیے اور سعودی عرب نے ہر اچھے اور برے وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان پاکستان کے ساتھ آہنی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سے جنگ میں پوری قوم متحد تھی۔ شہباز شریف نے فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے نبی کریم ﷺ کے پیغام کو پھیلانے کی ضرورت (بقیہ نمبر 5 2)

پاک سعودی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون میں اہم پیش رفت

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاک سعودی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ سعودی - پاکستان (بقیہ نمبر 4 1)

مولانا فضل الرحمان کا پمز واقعے پر شدید دکھ اور افسوس کا اظہار

پھول جیسے بچوں کی اموات پر دل گرفتہ ہوں، واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں

اسلام آباد (این این آئی) قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے پمز واقعے پر شدید دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پھول جیسے بچوں کی اموات پر دل گرفتہ ہوں، واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں، غفلت کے مرتکب افراد کڑی سزا کے مستحق (بقیہ نمبر 40)

فوسپا کا سی ایم ایس، موبائل ایپلی کیشن اور نئی ویب سائٹ کی افتتاحی تقریب میں وفاقی محتسب فوزیہ وقار اور وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ شریک ہیں

فوسپا کا CMS، موبائل ایپ اور نئی ویب سائٹ کا افتتاح

نئے ڈیجیٹل پورٹل سے شہری گھر بیٹھے آن لائن شکایت درج اور ٹریک کر سکیں گے، دفتر کے چکر ختم ہوں گے

دفاتر کے چکر ختم ہوں گے اور کاغذی کام میں 70 سے 80 فیصد کمی آئے گی، وفاقی محتسب فوزیہ وقار، اعظم نذیر تارڑ کی شرکت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی محتسب برائے انسدادِ ہراسانی (فوسپا) نے اسلام آباد میں فوسپا ہیڈ آفس میں ایک تقریب کے دوران complaint management system (سی ایم ایس)، موبائل ایپلی کیشن اور نئی ویب سائٹ کا افتتاح کیا۔ اس اقدام کا مقصد لوگوں کے لیے انصاف تک رسائی کو آسان بنانا اور ادارے میں شفافیت لانا ہے۔ تقریب میں مہمانِ خصوصی کے طور پر وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ نے شرکت کی۔ اس منصوبے میں وزارت آئی ٹی و ٹیلی کام کی وفاقی وزیر شزا فاطمہ (بقیہ نمبر 6)

استعفے کے سوال پر مصطفیٰ کمال کا جواب، احتجاج کے باعث واپس بھی جانا پڑ گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے استعفیٰ دینے سے متعلق سوال پر کہا کہ وزیر اعظم ان کے باس ہیں، وہ جو بھی فیصلہ کریں۔ اسلام آباد میں وزیر صحت کی گفتگو کے دوران لوگوں نے (بقیہ نمبر 4 3)

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 11 دہشت گرد ہلاک

لدھا میں آپریشن میں 5، ضلع خضدار ساسول میں 4 اور بنوں میں 2 خوارج جہنم واصل

کوئٹہ، پشاور (این این آئی) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف تازہ کارروائیوں میں 11 دہشت گرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز کے خیبر پختونخوا کے علاقوں جنوبی وزیرستان اور بنوں جبکہ بلوچستان کے ضلع خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے ہیں۔ بتایا گیا کہ سکیورٹی فورسز کے بنوں میں فتنہ الخوارج کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (بقیہ نمبر 4 2)

اسلام آباد کے زون فور اور فائیو میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ منصوبے کی منظوری

65 یونین کونسلوں کو منظم صفائی کے نیٹ ورک میں شامل کیا جائے گا۔ روزانہ تقریباً 342 ٹن کچرے کی وصولی اور تلفی ہوگی

1,610 اہلکار اور 103 مشینری یونٹس صفائی کے عمل میں شامل ہوں گے۔ گھر گھر سے کچرا اٹھانے کا جدید نظام متعارف کرایا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ڈی اے کا اسلام آباد کے زون فور اور فائیو کے دیہی علاقوں میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ جامع منصوبہ کی منظوری دے دی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کے ویژن اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے زون فور اور فائیو کی شاندار قیادت میں سی ڈی اے نے اسلام آباد کے زون فور اور فائیو کی 65 یونین کونسلوں میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے مربوط اور موثر نظام کی منظوری دیتے (بقیہ نمبر 8)

سانحہ پمز نے پوری انسانیت کو سوگوار کر دیا، چوہدری محمد سرور

مجرمانہ نااہلی کے نتیجہ میں انسانوں کی قیمتی جانوں کا ضیاع روکا جائے

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ عام انسانوں کو بے وقعت سمجھنا اور ان کی زندگیوں سے کھیلنا آمرانہ رویہ ہے، شہریوں کی زندگی اور ان کے بنیادی حقوق کی حفاظت یقینی بنانا ریاست کا آئینی فرض ہے، موت برحق ہے تاہم (بقیہ نمبر 4 4)

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان کا وفاقی دارالحکومت کی مختلف شاہراہوں کا دورہ، ڈیوٹی پر موجود ٹریفک افسران سے ملاقات کی

بیرسٹر افتخار گیلانی آزاد کشمیر کے وزیر اعظم ہونگے، (ن) لیگ کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے آزاد کشمیر میں بیرسٹر افتخار گیلانی کو وزیر اعظم بنانے کا فیصلہ کر لیا، بیرسٹر افتخار گیلانی ٹیکو کریٹ نشست پر منتخب ہوئے تھے۔ یہ فیصلہ وزیر اعظم ہاؤس میں اہم مشاورت کے بعد ہوا، شاہ غلام قادر، راجہ فاروق حیدر اور اسپیکر (بقیہ نمبر 4 5)

شدید گرمی کے باعث حرکت قلب بند ہونے سے حافظ ناصر جاں بحق

گوجر خان (این این آئی) 12 ربیع الاول کے سلسلے میں نکالی جانے والی میلاد ریلی کے دوران شدید گرمی کے باعث حرکت قلب بند ہونے سے حافظ ناصر جاں بحق ہو گئے۔ ان کی اچانک وفات پر ریلی کے شرکا اور اہل علاقہ میں سوگ کی فضا چھا گئی۔ تفصیلات کے مطابق نواحی گاں نگائیل عمر خان موہڑہ (بقیہ نمبر 4 6)

کمشنر سلمان غنی کا ڈی ایچ کیو ہسپتال راولپنڈی کا دورہ

ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ، ایمرجنسی ریسپانس پلان کا جائزہ لیا، ڈاکٹرز، نرسنگ اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری چیکنگ

فائر سیفٹی انتظامات، ایمرجنسی ایگزٹس اور فائر فائٹنگ آلات کا معائنہ کیا گیا، ریسکیو 1122 کے ساتھ ماک ڈرل ایکسرسائز کی جائے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے آج ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے علاوہ فائر سیفٹی اور ایمرجنسی رسپانس اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دورے کے موقع پر متعلقہ محکموں کے سربراہان اور ہسپتال انتظامیہ بھی موجود تھی۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور ایمرجنسی ریسپانس پلان کے ساتھ ساتھ ڈاکٹرز، نرسنگ و پیرامیڈیکل سٹاف اور دیگر ملازمین کی حاضری کو چیک کیا۔ (بقیہ نمبر 9)

تھانہ ترنول پولیس ٹیم کی بروقت کارروائی، اغواء برائے تاوان کیلئے اغواء کیا گیا بچہ والدین کے سپرد کیا جا رہا ہے

چیئرپرسن BISP سینیٹر روبینہ خالد سے ورلڈ بینک اور GIZ کے وفود کی ملاقاتیں

سینیٹر روبینہ خالد اور امجد ظفر خان کی قیادت میں ورلڈ بینک مشن نے BISP کے آپریشنل امور کا جائزہ لیا

چیئرپرسن نے مستحقین کی درست نشاندہی کے لیے NSER کے محفوظ اور تازہ ترین ڈیٹا کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے ورلڈ بینک کے CRISP ریویو مشن کے اختتامی اجلاس کی صدارت کی۔ مشن کی قیادت امجد ظفر خان، سینئر سوشل پروٹیکشن ٹاسک/اسپیشلسٹ، ٹیم لیڈر نے کی۔ اجلاس میں سارہ نظامانی، سوشل پروٹیکشن اسپیشلسٹ اور ورلڈ بینک کنسلٹنٹ گل نجم جامی نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں CRISP ریویو کے (بقیہ نمبر 10)

چیئرپرسن BISP سینیٹر روبینہ خالد ورلڈ بینک اور GIZ کے وفود سے اہم ملاقاتیں کر رہی ہیں

راجہ پرویز اشرف کا پمز ہسپتال کے اندوہناک واقعہ پر افسوس کا اظہار

حادثے کی تحقیقات کر کے اصل وجوہات سامنے لائی جائیں، سابق وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے پمز ہسپتال کے اندوہناک واقعہ پر افسوس کا اظہار (بقیہ نمبر 5 3)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ، ایس ایس پی سیف سٹی شہزادہ عمر عباس اور ڈائریکٹر آئی ٹی عاطف عباس سے دیے گئے ٹاسکس پر بریفنگ لی

گجرات ڈنگہ میں تالاب سے 2 خواتین اور ایک بچی کی لاشیں برآمد

آئی جی پنجاب عبدالکریم کا نوٹس، آر پی او گوجرانوالہ سے رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے گجرات ڈنگہ کے علاقے محلہ چارگاہ میں تالاب سے 2 خواتین اور ایک بچی کی لاشیں برآمد ہونے کے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او گوجرانوالہ سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ آئی جی پنجاب نے (بقیہ نمبر 4 5)

بزمِ فروغِ عشقِ مصطفیٰ ﷺ چکوال کے زیر اہتمام محفل نعت کا انعقاد

ذکرِ مصطفیٰ ﷺ سے دلوں کو منور کرنے کی بزمِ فروغِ عشقِ مصطفیٰ ﷺ کی خوبصورت کاوش، چوہدری عقیل عباس حیدر

محفل میں ثناء خوانوں نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں دلنشیں انداز میں نذرانہ عقیدت پیش کیا

بزم کے رکن چوہدری منور حسین نے اپنے دولت کدہ پر شرکاء کی بہترین میزبانی کر کے اہلِ علاقہ سے خوب داد سمیٹی

12 ربیع الاول پوری انسانیت کیلئے رحمت کا پیغام ہے اور بزم کا مقصد قریہ قریہ سیرتِ طیبہ اور اخلاقِ حسنہ کی تعلیمات کو عام کرنا ہے

چکوال (نمائندہ عوامی للکار) 12 ربیع الاول کی بابرکت اور مقدس مناسبت سے بزمِ فروغِ عشقِ مصطفیٰ ﷺ چکوال کے پلیٹ فارم سے گزشتہ روز ایک روح پرور اور خوبصورت محفل کا انعقاد کیا گیا، جس میں ثناء خوانانِ رسول ﷺ نے اپنے منفرد اور دلنشیں انداز میں بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے۔ محفل میں بزمِ فروغِ عشقِ مصطفیٰ ﷺ کے ثناء خوانانِ رسول ﷺ نے مختلف انداز میں حاضریاں پیش کیں، جنہیں شرکاء اور اہلِ علاقہ نے بے حد پسند کیا اور خوب سراہا۔ نعتیہ کلام اور

ذکرِ مصطفیٰ ﷺ سے محفل کا ماحول محبت، عقیدت اور روحانی کیفیت سے معمور رہا۔ اس موقع پر اہلِ علاقہ نے بزمِ فروغ (بقیہ نمبر 7)

چوآ سیدن شاہ، تیز رفتار موٹر سائیکل اونٹ سے ٹکرا گئی، ایک شخص جاں بحق

تلہ گنگ (این این آئی) چوآ سیدن شاہ، تیز رفتار موٹر سائیکل اونٹ سے ٹکرا گئی، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی ریسکیو 1122 کا بروقت رسپانس۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو کمانڈ اینڈ کنٹرول روم چکوال کو اطلاع موصول ہوئی کہ تحصیل چوآ سیدن شاہ کے علاقہ رتو چھگاں کے قریب ایک تیز رفتار موٹر (بقیہ نمبر 5 1)

شہریوں کے مسائل حل کرنا اولین ترجیحات میں شامل

ڈی پی او کاشف ذوالفقار کی روزمرہ کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے سروس ڈیلیوری کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزمرہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں درخواست دہندگان کے مسائل سنے گئے اور انہیں موقع پر حل کرنے کے احکامات (بقیہ نمبر 5 0)

چکوال، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی کھلی کچہری

شہریوں کی درخواستوں پر قانون وضابطے کے مطابق بلا تاخیر کارروائی کی جائے

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل، شکایات اور درخواستیں تفصیلی طور پر سنیں۔ مختلف علاقوں سے آئے شہریوں نے اپنے انفرادی و اجتماعی (بقیہ نمبر 4 9)

راول فاؤنڈیشن اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ اور سینٹرل جیل اڈیالہ کے سپرنٹنڈنٹ ساجد بیگ کے درمیان جیل ملازمین کے علاج ومعالجے کے حوالے سے ملاقات اور بات چیت کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو۔ اس موقع پر سینئر کالم نگار امتیاز عاصی اور نعیم مغل بھی موجود ہیں

سرچ آپریشنز، 443 افراد، 213 گھروں، 66 دکانوں کی تلاشی

جانچ پڑتال کیلئے 16 مشکوک افراد، 23 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سرچ آپریشنز کے دوران 443 افراد، 213 گھروں، 66 دکانیں، 25 ہوٹلوں، 248 موٹر سائیکلوں اور 93 گاڑیوں کو چیک کیا جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 16 مشکوک افراد اور 23 موٹر سائیکلوں کو مختلف (بقیہ نمبر 4 8)

تھانہ ترنول، اغواء برائے تاوان کی بڑی واردات ناکام بنا دی

بچے کے اغواء میں ملوث مرکزی ملزم مغوی بچے کا چچا زاد سمیت تین ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این ای این) 10 کروڑ روپے تاوان کی خاطر ایبٹ آباد سے اغواء کیا گیا 12 سالہ عبداللہ ابرہیم کو بحفاظت بازیاب کروا لیا گیا بچے کے اغواء میں ملوث مرکزی ملزم مغوی بچے کا چچا زاد سمیت تین ملزمان گرفتار۔ چیکنگ کے دوران گاڑی کی پچھلی (بقیہ نمبر 4 7)

نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی تاریخی عدالتی کامیابی، قومی خزانے کے کھربوں روپے بچا لئے گئے

وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان نے سول ریویو نمبر 95 اور 96/2010 میں این ایچ اے کے حق میں فیصلہ سنایا

فیصلہ 2010 کے عدالتی حکم کو کالعدم قرار دیتا ہے، وہ اراضی مالکان جو عدالت نہیں گئے، بڑھے ہوئے معاوضے کا دعویٰ نہیں کر سکتے

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان میں ایک بڑی قانونی کامیابی حاصل کر کے قومی خزانے کے کھربوں روپے بچا لیے ہیں۔ عدالت نے زمین کے معاوضے سے متعلق ایک دیرینہ مقدمے (سول ریویو نمبر 95 اور 96/2010: چیئرمین این ایچ اے بمقابلہ امیر خان آفریدی وغیرہ) میں این ایچ اے کے حق میں فیصلہ سنایا ہے۔ (بقیہ نمبر 1 1)

کلہاڑی کے وار سے گدھے کو قتل کرنے والا سفاک شخص گرفتار

پولیس نے آلہ قتل برآمد کر لیا، مقدمہ شہری کی درخواست پر درج کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے برکی میں کلہاڑی کے وار سے بے زبان جانور کو قتل کرنے والے شخص کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ برکی کے علاقے میں کلہاڑی کے وار سے بے زبان جانور کی جان لینے والے ملزم کو پولیس نے فوری کارروائی کر کے گرفتار کر لیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق ملزم کی شناخت محمد علی کے نام سے ہوئی جس پر گدھے کی پچھلی ٹانگوں اور کمر پر کلہاڑی سے وار کر کے جان لینے کا الزام ہے۔ ترجمان ڈی (بقیہ نمبر 5 5)

وزارتِ آئی ٹی اور میٹا نے اسمال بزنس گروتھ اکیڈمی کا آغاز کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور میٹا نے پاکستانی چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کے لیے سمال بزنس گروتھ اکیڈمی کا مشترکہ آغاز کر دیا ہے۔ وزارتِ آئی ٹی حکام کے مطابق اکیڈمی کے لیے رجسٹریشن کا عمل (بقیہ نمبر 5 6)

ڈائریکٹر انفارمیشن احمد نعیم ملک کی صدر سرگودھا پریس کلب عبدالحنان چوہدری کی عیادت

احمد نعیم ملک نے نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں زیر علاج صدر سرگودھا پریس کلب عبدالحنان چوہدری سے ملاقات کی

اس موقع پر احمد نعیم ملک نے عبدالحنان چوہدری کو پھولوں کو گلدستہ پیش کیا اور عبدالحنان چوہدری کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا

ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن نعیم ملک صدر سرگودھا پریس کلب عبدالحنان چوہدری کی عیادت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک نے نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں زیر علاج صدر سرگودھا پریس کلب عبدالحنان چوہدری سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے عبدالحنان چوہدری کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ عبدالحنان چوہدری کی علالت کی خبر سن کر کافی تشویش ہوئی۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد صحت کاملہ عطا فرمائے اور وہ دوبارہ اپنی صحافتی و سماجی سرگرمیوں میں (بقیہ نمبر 1 2)

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

تحریر: عارف اقبال، محمد طیب

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ

ماہِ ربیع الاول میں محکمہ اوقاف پنجاب کے زیرِ اہتمام صوبہ بھر میں سیرت النبی ﷺ کانفرنسز کا انعقاد

محبت، رحمت، عدل اور انسانیت کے لیے کامل رہنمائی

11 ربیع الاول کو لاہور میں صوبائی سطح کی عظیم الشان اختتامی تقریب

حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیاتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے رحمت، ہدایت، محبت، عدل، امن، اخوت اور حسنِ اخلاق کا ایسا روشن چراغ ہے جس کی روشنی قیامت تک انسانیت کی رہنمائی کرتی رہے گی۔ آپ ﷺ نے اپنے اسوۂ حسنہ کے ذریعے زندگی کے ہر شعبے میں انسانوں کو ایسا جامع اور متوازن نظام عطا فرمایا جس میں اللہ تعالیٰ کے حقوق کے ساتھ بندوں کے حقوق، عبادت کے ساتھ معاملات، علم کے ساتھ عمل، عدل کے ساتھ رحمت اور اختلاف کے باوجود رواداری کا درس ملتا ہے۔ آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے امن، خیر، فلاح اور کامیابی کا ابدی پیغام ہے۔ آج جب دنیا نفرت، عدم برداشت، جنگ، ناانصافی اور اخلاقی بحرانوں کا سامنا کر رہی ہے، سیرتِ رسول اکرم ﷺ سے وابستگی اور آپ ﷺ کی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنانا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گیا ہے۔

ماہِ ربیع الاول محبتِ رسول ﷺ، عقیدت، رحمت اور سعادت کا عظیم مہینہ ہے، جسے حکومتِ پنجاب حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ طیبہ اور تعلیمات کو عام کرنے کے لیے عظیم جذبے کے ساتھ بھرپور شان و شوکت اور عقیدت و احترام سے منا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ''میگنیفیسنٹ پنجاب'' وژن اور چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیرِ نگرانی محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کی جانب سے صوبہ بھر میں سیرت النبی ﷺ کانفرنسز اور دیگر روح پرور پروگرامز کا انعقاد کیا گیا۔ شیڈول کے مطابق 19 اگست کو فیصل آباد، 20 اگست کو گوجرانوالہ اور سرگودھا، 21 اگست کو پاکپتن، 22 اگست کو ملتان اور بہاولپور، جبکہ 24 اگست کو راولپنڈی اور ڈیرہ غازی خان میں کانفرنسز منعقد ہوئیں، جبکہ 25 اگست، 11 ربیع الاول کو لاہور میں سیرت النبی ﷺ یونیورسٹی میں مرکزی و اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ ڈویژنل اور صوبائی سطح پر ان تقریبات کے انعقاد کا مقصد عوام، خصوصاً نوجوان نسل کو حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پوری انسانیت کے لیے رحمت، محبت، عدل، امن اور حسنِ اخلاق کی تعلیمات سے روشناس کرانا اور یہ اجاگر کرنا تھا کہ سیرتِ طیبہ ﷺ میں عصرِ حاضر کے چیلنجز کا حل اور رہنمائی موجود ہے۔ ہماری اجتماعی اور انفرادی زندگی کی کامیابی اسی میں ہے کہ ہم سیرتِ رسول ﷺ کو محض تقریبات تک محدود رکھنے کے بجائے آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنے کردار، معاملات اور معاشرت کا عملی حصہ بنائیں۔ ماہِ ربیع الاول کے یہ بابرکت پروگرامز بالخصوص نوجوان نسل کو سیرتِ نبوی ﷺ سے جوڑنے، محبتِ رسول ﷺ کو فروغ دینے اور اسلامی اقدار و روایات کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

فیصل آباد زون کے زیرِ اہتمام ٹی ایم اے ہال، دفتر میونسپل کارپوریشن فیصل آباد میں کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت قاری نوید الحسن نے حاصل کی، جبکہ حافظ رضوان نے نعتِ رسول ﷺ پیش کی۔ کانفرنس میں مہمان خصوصی کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب محمد شاکر سندھو، ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق، اسسٹنٹ کمشنر سٹی فیصل آباد عمر عادل، تمام مکاتبِ فکر کے علماء کرام، زعمائے ملت، مشائخ عظام، دانشور، طلبہ، معزز شہری، تاجر حضرات، مینیجران اوقاف فیصل آباد زون اور ضلعی خطباء اوقاف فیصل آباد زون نے شرکت کی۔ سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب محمد شاکر سندھو، مولانا محمد یوسف، مولانا محمد یسین ظفر، طاہر الحسن اشرفی، مولانا محمد ریاض کھرل، سید اظفار حیدر شاہ اور سید افتخار حسین نقوی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ کانفرنس کے اختتام پر زونل خطیب اوقاف فیصل آباد زون مولانا محمد اسلم ساقی نے ملکی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے دعا کروائی۔

پنجاب بھر میں سیرت النبی ﷺ کانفرنسز، نوجوان نسل کی کردار سازی پر زور

ربیع الاول کے بابرکت ایام میں پنجاب بھر میں سیرتِ رسول ﷺ کی خوشبو پھیلانے کے لیے خصوصی تقریبات

سرگودھا زون کے زیرِ اہتمام قصر انبالہ ایونٹ ہال میں کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں کمشنر سرگودھا ڈویژن حافظ شوکت علی، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب شاکر سندھو، ریجنل پولیس آفیسر سرگودھا محمد شہزاد آصف خان، ڈپٹی کمشنر سرگودھا حسین احمد چوہدری، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سرگودھا توقیر نعیم، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف سرگودھا کاشف عمران علوی اور زونل خطیب اوقاف سرگودھا قاری وقار احمد عثمانی کے علاوہ تمام مکاتبِ فکر کے علماء کرام و مشائخ عظام، دانشور، ڈاکٹرز، پروفیسرز، وکلاء، معززین شہر، سماجی و تاجر رہنماؤں، مینیجران اوقاف سرگودھا زون اور طلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مقررین نے نسلِ نو کی تربیت، ترقی اور کردار کو سیرتِ النبی ﷺ کے مطابق ڈھالنے پر زور دیا۔ زونل خطیب قاری وقار احمد نے ملکی ترقی، استحکام و خوشحالی کے لیے دعا کے ساتھ پروگرام کا اختتام کیا۔

گوجرانوالہ زون میں منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیاتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے ہدایت، رحمت، اخلاق اور کردار کا ایسا روشن نمونہ ہے جس میں زندگی کے ہر شعبے کے لیے رہنمائی موجود ہے۔ رضا ہال میں منعقدہ ڈویژنل سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل، ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا، ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف پاکپتن بابر سلطان گوندل، وفاقی حکومت کی یونیفنسٹری کے ایڈوائزر چوہدری ارشد اسماعیل جٹ اور رانا ارسلان ایڈووکیٹ سمیت جید علماء کرام، مشائخ عظام اور مذہبی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ مقررین نے سیرتِ طیبہ ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں نسلِ نو کی فکری، اخلاقی اور روحانی تربیت وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ کانفرنس کے اختتام پر ملک و ملت کی سلامتی، ترقی، خوشحالی، امن و استحکام اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

ملتان زون میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیاتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے ہدایت، رحمت، اخلاق اور کردار کا ایسا روشن نمونہ ہے جس میں زندگی کے ہر شعبے کے لیے رہنمائی موجود ہے۔ آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر انصاف اور امن و بھائی چارے کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ جم خانہ میں منعقدہ تقریب میں ڈویژنل کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ خرم شہزاد حیدر وڑائچ، سٹی پولیس آفیسر گوجرانوالہ ڈاکٹر سردار غیاث گل خان، چیئرمین متحدہ علماء بورڈ انتخاب نوری، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف گوجرانوالہ رانا محمد افضل، زونل خطیب اوقاف گوجرانوالہ مولانا محمد بشیر فاروقی، دیگر افسران، علماء کرام، قراء حضرات اور معززین نے شرکت کی۔

پاکپتن زون میں جامع مسجد، دربار حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ پاکپتن میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب محمد شاکر سندھو، ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق، اسسٹنٹ کمشنر سٹی فیصل آباد عمر عادل، تمام مکاتبِ فکر کے علماء کرام، زعمائے ملت، مشائخ عظام، دانشور، طلبہ، معزز شہری، تاجر حضرات، مینیجران اوقاف فیصل آباد زون اور ضلعی خطباء اوقاف فیصل آباد زون نے شرکت کی۔ سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب محمد شاکر سندھو، مولانا محمد یوسف، مولانا محمد یسین ظفر، طاہر الحسن اشرفی، مولانا محمد ریاض کھرل، سید اظفار حیدر شاہ اور سید افتخار حسین نقوی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ کانفرنس کے اختتام پر زونل خطیب اوقاف فیصل آباد زون مولانا محمد اسلم ساقی نے ملکی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے دعا کروائی۔

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ محبت، رحمت، عدل اور انسانیت کے لیے کامل رہنمائی ہے

محکمہ اوقاف پنجاب کے زیرِ اہتمام صوبہ بھر میں سیرت النبی ﷺ کانفرنسز کا انعقاد

ساتھ بندوں کے حقوق، عبادت کے ساتھ معاملات، علم کے ساتھ عمل، عدل کے ساتھ رحمت اور اختلاف کے باوجود رواداری کا درس ملتا ہے۔ آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے امن، خیر، فلاح اور کامیابی کا ابدی پیغام ہے۔ آج جب دنیا نفرت، عدم برداشت، جنگ، ناانصافی اور اخلاقی بحرانوں کا سامنا کر رہی ہے، سیرتِ رسول اکرم ﷺ سے وابستگی اور آپ ﷺ کی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنانا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گیا ہے۔

ماہِ ربیع الاول محبتِ رسول ﷺ، عقیدت، رحمت اور سعادت کا عظیم مہینہ ہے، جسے حکومتِ پنجاب حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ طیبہ اور تعلیمات کو عام کرنے کے لیے عظیم جذبے کے ساتھ بھرپور شان و شوکت اور عقیدت و احترام سے منا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ''میگنیفیسنٹ پنجاب'' وژن اور چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیرِ نگرانی محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کی جانب سے صوبہ بھر میں سیرت النبی ﷺ کانفرنسز اور دیگر روح پرور پروگرامز کا انعقاد کیا گیا۔ شیڈول کے مطابق 19 اگست کو فیصل آباد، 20 اگست کو گوجرانوالہ اور سرگودھا، 21 اگست کو پاکپتن، 22 اگست کو ملتان اور بہاولپور، جبکہ 24 اگست کو راولپنڈی اور ڈیرہ غازی خان میں کانفرنسز منعقد ہوئیں، جبکہ 25 اگست، 11 ربیع الاول کو لاہور میں سیرت النبی ﷺ یونیورسٹی میں مرکزی و اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ ڈویژنل اور صوبائی سطح پر ان تقریبات کے انعقاد کا مقصد عوام، خصوصاً نوجوان نسل کو حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پوری انسانیت کے لیے رحمت، محبت، عدل، امن اور حسنِ اخلاق کی تعلیمات سے روشناس کرانا اور یہ اجاگر کرنا تھا کہ سیرتِ طیبہ ﷺ میں عصرِ حاضر کے چیلنجز کا حل اور رہنمائی موجود ہے۔ ہماری اجتماعی اور انفرادی زندگی کی کامیابی اسی میں ہے کہ ہم سیرتِ رسول ﷺ کو محض تقریبات تک محدود رکھنے کے بجائے آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنے کردار، معاملات اور معاشرت کا عملی حصہ بنائیں۔ ماہِ ربیع الاول کے یہ بابرکت پروگرامز بالخصوص نوجوان نسل کو سیرتِ نبوی ﷺ سے جوڑنے، محبتِ رسول ﷺ کو فروغ دینے اور اسلامی اقدار و روایات کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

فیصل آباد زون کے زیرِ اہتمام ٹی ایم اے ہال، دفتر میونسپل کارپوریشن فیصل آباد میں کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت قاری نوید الحسن نے حاصل کی، جبکہ حافظ رضوان نے نعتِ رسول ﷺ پیش کی۔ کانفرنس میں مہمان خصوصی کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب محمد شاکر سندھو، ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق، اسسٹنٹ کمشنر سٹی فیصل آباد عمر عادل، تمام مکاتبِ فکر کے علماء کرام، زعمائے ملت، مشائخ عظام، دانشور، طلبہ، معزز شہری، تاجر حضرات، مینیجران اوقاف فیصل آباد زون اور ضلعی خطباء اوقاف فیصل آباد زون نے شرکت کی۔ سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے کمشنر فیصل آباد ڈویژن ڈاکٹر عمران حامد شیخ، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب محمد شاکر سندھو، مولانا محمد یوسف، مولانا محمد یسین ظفر، طاہر الحسن اشرفی، مولانا محمد ریاض کھرل، سید اظفار حیدر شاہ اور سید افتخار حسین نقوی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ کانفرنس کے اختتام پر زونل خطیب اوقاف فیصل آباد زون مولانا محمد اسلم ساقی نے ملکی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے دعا کروائی۔

لاہور میں صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس، علمائے کرام اور مذہبی شخصیات کی بھرپور شرکت

سیرتِ نبوی ﷺ کو عملی زندگی کا حصہ بنا کر معاشرے میں امن و رواداری فروغ دی جا سکتی ہے: بلال یاسین

پولیس آفیسر عثمان اکرم گوندل، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف گلاب ارشاد، خطیب اوقاف ملتان مولانا ارشد علی بلوچ، ڈویژن بھر کے دیگر افسران، علماء کرام، قراء حضرات اور معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس کے اختتام پر ملکی سلامتی، ترقی، خوشحالی، امن و استحکام اور امتِ مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بہاولپور زون میں شاہجہاں بینکوٹ ہال بہاولپور میں ڈویژنل سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ صدارت زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف بہاولپور ناصر محمود نے کی، جبکہ مہمان خصوصی کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا، آر پی او بہاولپور غازی صلاح الدین، ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا اور ڈی پی او بہاولپور ڈاکٹر عبدالوہاب تھے۔ زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف بہاولپور ناصر محمود نے صدارتی کلمات ادا کیے، جبکہ کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا اور آر پی او بہاولپور غازی صلاح الدین نے خصوصی خطاب کیا۔ صوبائی خطیب اوقاف پنجاب علامہ محمود احمد نے اختتامی دعا کروائی۔

راولپنڈی زون میں ڈائریکٹر ایگریکلچر اوقاف پنجاب وقاص الدین کی زیرِ صدارت مقامی ہال میں زونل سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، مفتی انتخاب نوری، ایم این اے ملک ابرار، آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا، سی پی او مشتاق سکھیرا، اے ڈی جی سی ہیڈ کوارٹر عبدالرحمٰن خان، ایڈیشنل کمشنر منصور احمد خان، پیر سعادت علی شاہ چورہ شریف، پیر سعد الرحمٰن عیدگاہ شریف، پیر سرکار جی گلشن آباد شریف، علامہ سید چراغ الدین شاہ تحریک اتحادِ امہ، علامہ ڈاکٹر ظفر اقبال جلالی پرنسپل جامعہ اسلام آباد، سید عتیق الرحمٰن شاہ ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت الاحمدیث پاکستان، علامہ عارف حسین وحدی نائب صدر شیعہ علماء کونسل، ایڈمنسٹریٹر اوقاف جواد عزیز جلالی، زونل خطیب اوقاف علامہ ایاز رضوی اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ کانفرنس کے بہترین انتظامات پر شرکاء کی جانب سے محکمہ اوقاف کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔

ڈیرہ غازی خان زون میں زونل سیرت کانفرنس ضلع کونسل ہال ڈیرہ غازی خان میں منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن اشفاق احمد چوہدری نے کی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر عثمان خالد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، دیگر ضلعی و ڈویژنل افسران، جید علماء کرام، امن کمیٹی کے اراکین، تاجر برادری، وکلاء، سول سوسائٹی اور نمائندگانِ پریس نے شرکت کی۔ مقررین نے سیرتِ طیبہ ﷺ کی روشنی میں نسلِ نو کی دینی و اخلاقی تربیت، کردار سازی، باہمی رواداری اور معاشرتی امن کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریب میں زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف رانا طارق علی اور زونل خطیب علامہ قاری احمد رضا سیالوی کی انتظامی کاوشوں کو بھی سراہا گیا۔

محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب نے ضلعی سطح پر طلباء و طالبات کیلئے نعتیہ مقابلے کا انعقاد کیا جن کے پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن کے فاتحین نے لاہور میں پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن اور پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن لاہور کے اشتراک سے سالانہ صوبائی نعتیہ مقابلے میں شرکت کی۔ مقابلے میں پنجاب بھر سے 70 طلبہ و طالبات نے چار مختلف کیٹیگریز میں شرکت کی۔ ان چار کیٹیگریز میں 5 سے 15 سال کی عمر کے بوائز، 5 سے 15 سال کی عمر کی گرلز، 15 سے 25 سال کی عمر کے بوائز اور 15 سے 25 سال کی عمر کی گرلز شامل تھیں۔ لاہور کے علی زین نے ٹاپ پوزیشن حاصل کی۔ اس کے بعد ہر کیٹیگری کے صوبائی فاتح نے اسلام آباد میں منعقد ہونے والے قومی سطح کے نعتیہ مقابلے میں پنجاب کی نمائندگی کی۔ لڑکوں کے 15 سے 25 سال کی کیٹیگری میں پنجاب کے نعت خواں علی زین نے پہلی پوزیشن حاصل کی اور لڑکیوں کی 5 سے 15 سال کی کیٹیگری میں پنجاب کی فاتح کنزہ رزاق نے تیسری پوزیشن حاصل کی اسکے علاوہ پنجاب کے دیگر فاتحین نے بھی مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

اسی طرح محکمہ اوقاف و مذہبی امور نے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر 24 اور 25 اگست کو 2 روزہ اسلامی کتب اور سیرت النبی ﷺ کی نمائش کا انعقاد کیا جو حضور اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ، اسوۂ حسنہ اور اسلامی تعلیمات سے عوام ذریعہ ہے۔ دو روزہ اسلامی و سیرت النبی ﷺ کتب نمائش کا افتتاح سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیرتِ طیبہ ﷺ کا مطالعہ ہمیں محبتِ رسول ﷺ، اخلاص، رواداری، برداشت، خدمتِ خلق، باہمی اخوت اور انسانیت سے محبت کا درس دیتا ہے، جبکہ کتب بینی انسان کی فکری و روحانی تربیت میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نمائش میں اسلامی اور سیرت النبی ﷺ سے متعلق کتب و لٹریچر عوام کے مطالعہ کے لیے پیش کیا جا رہا ہے تاکہ شہری انسانیت کے لیے کامل رہنمائی اور امن و عدل کا عملی نمونہ ہے۔ چیئرمین مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ امتِ مسلمہ کی کامیابی سیرتِ طیبہ ﷺ سے مضبوط وابستگی اور آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل میں ہے۔ چیئرمین متحدہ علماء بورڈ پنجاب لاہور ڈاکٹر مفتی انتخاب احمد نوری نے کہا کہ سیرتِ نبوی ﷺ محبت، رواداری، اتحاد اور اخوت کا عالمگیر پیغام ہے۔ مہتمم منہاج الحسنین لاہور علامہ محمد حسین اکبر نے کہا کہ تعلیماتِ نبوی ﷺ ہمیں اللہ تعالیٰ سے تعلق کے ساتھ خدمتِ انسانیت اور حقوق العباد کی ادائیگی کا درس دیتی ہیں۔ مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور زبیر حسن اشرفی نے کہا کہ محبتِ رسول ﷺ کا حقیقی تقاضا آپ ﷺ کی سنت، اخلاق اور تعلیمات پر عمل کرنا ہے۔ جامعہ عمر بن عبدالعزیز کے مولانا زبیر احمد ظہیر نے کہا کہ سیرتِ نبوی ﷺ علم، حکمت، اخلاق اور ہدایت کی روشنی کا سرچشمہ ہے، جبکہ عالمِ دین مولانا شفیق احمد پسروری نے کہا کہ سیرتِ طیبہ ﷺ صبر، شکر، عفو و درگزر اور حسنِ سلوک کا درس دیتی ہے۔

بعد ازاں صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین اور سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے مقابلۂ کتب سیرت و نعت کے مصنفین کو سیرتِ طیبہ ﷺ کے موضوع پر نمایاں کتب کی اشاعت پر انعامات دیے۔ انعامات حاصل کرنے والوں میں ڈاکٹر حافظ محمد سعد اللہ، عمران ممتاز، ڈاکٹر محمود احمد، اشفاق احمد غوری اور مشرف حسین انجم شامل تھے۔

تقریب کے اختتام پر جامع مسجد داتا دربار کے خطیب مولانا مختار احمد ندیم نے خصوصی دعا کروائی۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی، ملکی اداروں اور افواجِ پاکستان کی حفاظت، امتِ مسلمہ کے اتحاد و اتفاق اور ملک میں امن و امان کے قیام کے لیے دعا کی۔ فلسطین اور کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کی نصرت، آزادی اور مشکلات کے خاتمے کے لیے بھی خصوصی دعا کی گئی۔ ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی اور حضور اکرم ﷺ کی سچی محبت و اتباع نصیب ہونے کی دعا بھی کی گئی۔

محبتِ رسول ﷺ کا تقاضا سچائی، عدل، خدمتِ خلق اور حقوق العباد کی ادائیگی ہے: مقررین

پنجاب کے نعتیہ مقابلوں کے فاتحین کی قومی سطح پر شاندار کارکردگی

نمونۂ حیات ہے۔ آپ ﷺ نے عبادت کے ساتھ معاملات، روحانیت کے ساتھ خدمتِ خلق اور حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد کی اہمیت اجاگر فرمائی۔ محبتِ رسول ﷺ کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ ہم سچائی، امانت، حسنِ سلوک، عدل، رواداری، خدمتِ خلق اور حقوق العباد کی ادائیگی کو اپنی زندگی کا شعار بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین کا احترام، پڑوسیوں کے حقوق، غریبوں اور مستحقین کی مدد، یتیموں کی کفالت اور نوجوان نسل کو سیرتِ نبوی ﷺ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ آپ ﷺ کی دیانت، محنت، برداشت، رحمت اور انسان دوستی کو اپنی شخصیت کا حصہ بنائیں۔

ڈاکٹر احسان بھٹہ نے تقریب میں سیکرٹری ٹورازم پنجاب کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کے سیکورٹی انتظامات اور شرکاء کی سہولت کے لیے پنجاب ٹورازم فورس کے 10 ارکان اپنی ذمہ داریاں نہایت محنت، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ انداز میں سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے ڈی جی پی ایچ اے عثمان خالد، ڈی جی صاف ستھرا اتھارٹی جاوید عمر اور ایم ڈی صاف ستھرا اتھارٹی شہریار عارف کی کاوشوں کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا، جن کی ٹیموں نے کانفرنس کے مقام سے جھاڑیوں اور جنگل کی صفائی کے لیے انتہائی محنت اور جانفشانی سے کام کیا۔ ان کی ٹیمیں گزشتہ ایک ہفتے سے مسلسل اور انتھک محنت کر رہی تھیں۔

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا کہ سیرتِ رسول اکرم ﷺ کا معیار قرار دیا۔ آپ ﷺ نے عورت کو عزت و حقوق دیے، یتیموں، مسکینوں، بیواؤں، محتاجوں اور کمزور طبقات کی خبر گیری کو معاشرتی ذمہ داری بنایا، جبکہ تجارت میں دیانت، معاملات میں شفافیت، حکمرانی میں عدل، اختلاف میں برداشت اور معاشرت میں رواداری کی تعلیم دی۔ آج دنیا جنگ و جدل، نفرت، عدم برداشت، معاشی ناانصافی اور اخلاقی بحرانوں کا شکار ہے؛ ایسے میں سیرتِ رسول اکرم ﷺ کی عالمگیر تعلیمات ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ حقیقی امن، عدل، محبت اور اجتماعی خوشحالی کے لیے ہمیں اسوۂ حسنہ ﷺ کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔

سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ طیبہ قرآنِ کریم کی عملی تفسیر اور پوری انسانیت کے لیے کامل ترین نمونہ ہے۔ آپ ﷺ نے عورت کو عزت و حقوق دیے، یتیموں، مسکینوں، بیواؤں، محتاجوں اور کمزور طبقات کی خبر گیری کو معاشرتی ذمہ داری بنایا، جبکہ تجارت میں دیانت، معاملات میں شفافیت، حکمرانی میں عدل، اختلاف میں برداشت اور معاشرت میں رواداری کی تعلیم دی۔ آج دنیا جنگ و جدل، نفرت، عدم برداشت، معاشی ناانصافی اور اخلاقی بحرانوں کا شکار ہے؛ ایسے میں سیرتِ رسول اکرم ﷺ کی عالمگیر تعلیمات ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ حقیقی امن، عدل، محبت اور اجتماعی خوشحالی کے لیے ہمیں اسوۂ حسنہ ﷺ کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔

سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ طیبہ قرآنِ کریم کی عملی تفسیر اور پوری انسانیت کے لیے کامل ترین نمونہ حیات ہے۔ آپ ﷺ نے عبادت کے ساتھ معاملات، روحانیت کے ساتھ خدمتِ خلق اور حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد کی اہمیت اجاگر فرمائی۔ محبتِ رسول ﷺ کا حقیقی تقاضا یہ ہے کہ ہم سچائی، امانت، حسنِ سلوک، عدل، رواداری، خدمتِ خلق اور حقوق العباد کی ادائیگی کو اپنی زندگی کا شعار بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ والدین کا احترام، پڑوسیوں کے حقوق، غریبوں اور مستحقین کی مدد، یتیموں کی کفالت اور نوجوان نسل کو سیرتِ نبوی ﷺ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ آپ ﷺ کی دیانت، محنت، برداشت، رحمت اور انسان دوستی کو اپنی شخصیت کا حصہ بنائیں۔

ڈاکٹر احسان بھٹہ نے تقریب میں سیکرٹری ٹورازم پنجاب کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کے سیکورٹی انتظامات اور شرکاء کی سہولت کے لیے پنجاب ٹورازم فورس کے 10 ارکان اپنی ذمہ داریاں نہایت محنت، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ انداز میں سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے ڈی جی پی ایچ اے عثمان خالد، ڈی جی صاف ستھرا اتھارٹی جاوید عمر اور ایم ڈی صاف ستھرا اتھارٹی شہریار عارف کی کاوشوں کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے تاکہ شہری بالخصوص طلبہ اور نوجوان اسلامی تعلیمات اور حیاتِ طیبہ ﷺ سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔

لاہور میں حکومتِ پنجاب کی جانب سے منعقد ہونے والی صوبے کی سب سے پروقار نمائندہ تقریب، صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے کہا کہ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ تاریخِ انسانیت کا وہ عظیم اور بابرکت موقع ہے جب اللہ تعالیٰ

بقیہ 1

40لاکھ روپے ہے۔ منصوبے کے تحت 273 فائر فائٹرز اور 156ڈرائیورز سمیت مجموعی طور پر 429اہلکار تعینات کیے جائیں گے۔انہوں نے بتایا کہ فائر ریسکیو اہلکاروں کے لیے 78سانس لینے کے حفاظتی آلات، 273حفاظتی لباس اور مواصلاتی آلات بھی فراہم کیے جائیں گے۔اس منصوبے کا مقصد تحصیل کی سطح پر آتشزدگی کے واقعات میں بروقت امدادی کارروائی اور مؤثر آگ بجھانے کی سہولت یقینی بنانا ہے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ پنجاب کی تمام تحصیلوں تک فائر ریسکیو سروسز کی توسیع کی منظوری دی جاچکی ہے، جس کے لیے موجودہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ایک ارب 88 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں اور منصوبہ جون 2027 تک مکمل ہوگا۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب میں فائر اینڈ ریسکیو سروسز مکمل طور پر فعال ہیں اور تمام اضلاع میں فائر ریسکیو سروسز کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔پنجاب ریسکیو نے اب تک 2لاکھ 97ہزار 338سے زائد آتشزدگی کے واقعات میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے جدید اور پیشہ ورانہ فائر فائٹنگ کے ذریعے 794 ارب روپے سے زائد کے ممکنہ نقصانات سے بچاؤ یقینی بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریسکیو پنجاب دنیا کے نمبرون ایمرجنسی اداروں میں شامل ہوچکا ہے، جبکہ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے ریسکیو کے لیے پنجاب کی تاریخ کی سب سے بڑی رقم مختص کی ہے جو ریسکیو سروسز کی بہتری پر خرچ کی جارہی ہے۔وزیر اطلاعات نے بتایا کہ پنجاب کی تمام کمرشل مارکیٹوں میں 975فائر ہائیڈرنٹس کی تنصیب کا منصوبہ بھی جاری ہے، جبکہ فائر سیفٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے 2,449 بلند و بالا عمارتوں کا سروے مکمل کرلیا گیا ہے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب کے تمام ڈی ایچ کیو اور ٹی ایچ کیو ہسپتالوں میں لائف سیور اور بنیادی فائر فائٹنگ کی تربیت کا انعقاد کیا گیا ہے، جبکہ ہسپتالوں میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے موک ایکسرسائز بھی کی گئی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب بھر میں 5,000 سے زائد کمیونٹی ایمرجنسی رسپانس ٹیمز قائم کی گئی ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر ہسپتالوں میں آتشزدگی سے بچاؤ کے لیے جامع لائحہ عمل بھی تیار کیا جاچکا ہے اور اس پر عملدرآمد جاری ہے۔عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ پنجاب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ کا مالی سال 26-2025 کا مجموعی بجٹ 21ارب 62 کروڑ 50لاکھ روپے جبکہ نظرثانی شدہ بجٹ 22ارب 51 کروڑ 30لاکھ روپے ہے۔

بقیہ 2

تعلیمی نظام کی بہتری اور ہر بچے تک معیاری تعلیم کی رسائی یقینی بنانا ناگزیر ہے۔انہوں نے چین کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو بھی نوجوان نسل کو علم کے ساتھ عملی مہارت اور بہتر سماجی رویوں کی تربیت دینا ہوگی۔وفاقی وزیر نے رجسٹرڈ انسٹیٹیوٹ کی جانب سے تعلیم کے ساتھ تربیت اور اسکلز پر توجہ دینے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے ادارے ملکی نوجوانوں کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہاں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں۔تقریب سے چیف ایگزیکٹو آفیسر رجسٹرڈ انسٹیٹیوٹ آف ہائر ایجوکیشن پروفیسر آصف اقبال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے ساتھ تربیت بھی ضروری ہے، ادارے میں ڈپلومہ، شارٹ کورسز، ووکیشنل ٹریننگ اور ڈگری پروگرامز کے ذریعے طلبہ کو مختلف عملی مہارتیں فراہم کی جارہی ہیں جبکہ تدریس اور لرننگ کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ چیئرمین پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر افراراحمد خان نے کہا کہ جعلی ڈگریوں، جعلی اداروں اور غیر قانونی الحاق کے خلاف مؤثر کارروائی ضروری ہے، تعلیم کے شعبے میں کسی قسم کے دھوکے اور فراڈ کی گنجائش نہیں، نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور انہیں معیاری تعلیم، تربیت اور ہنر فراہم کرنا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔فاٹمڈ چیف ایگزیکٹو ٹیک سول ٹیکنالوجیز لمیٹڈ سلیم غوری نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کا دور ہے اور یہ ایک بڑی عالمی صنعت بن چکی ہے، نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے متعلق مہارتیں فراہم کرنے کے ساتھ ان میں مایوسی اور فرسٹریشن ختم کرنے پر بھی توجہ دینا ہوگی۔تقریب میں سابق صدر ایف سی سی آئی ریحان نسیم بھرا، ڈاکٹر فرح دیبا، ڈاکٹر شہزاد اور دیگر اکابرین اور طلبا و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اختتام پر مہمان خصوصی نے نمایاں شخصیات کو سوونیئرز پیش کیے جبکہ رجسٹرڈ انسٹیٹیوٹ، این ٹی یو، کمالیہ یونیورسٹی اور ویمن یونیورسٹی کے طلبہ نے مشترکہ فیشن شو اکٹ میں حصہ لیا، جس میں پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والوں کو بالترتیب 25ہزار، 20ہزار اور 15ہزار روپے کے انعامات دیے گئے۔

بقیہ 3

والے معصوم نومولودوں کی موت پر ہر طرف اداسی اور غم کا راج دکھائی دیا، ہر آنکھ اشکبار تھی۔تفصیلات کے مطابق پمز ہسپتال میں آگ نرسری میں ایئر کنڈیشن کمپریسر پھٹنے سے لگی جس سے نرسری میں موجود 14نومولود جاں بحق ہوگئے۔ریسکیو ذرائع کے مطابق پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ صبح 6بج کر 45منٹ پر لگی۔پمز ہسپتال کے حکام کے مطابق آگ لگنے کے وقت نرسری میں 15بچے تھے، آگ لگنے سے 14بچے جاں بحق ہوگئے جبکہ ایک کو بچا لیا گیا۔والدین نے کہا کہ جس وقت آگ لگی عملہ انکیوبیشن سینٹر میں نہیں تھا، نرسری میں نہ گائنی ڈاکٹر موجود تھی اور نہ ہی کوئی دوسرا عملہ موجود تھا، این آئی سی یو کا دروازہ بھی لاک تھا، واقعے کے 2 گھنٹے بعد ریسکیو اور 4 گھنٹے بعد پولیس پہنچی۔غم سے نڈھال والدین نے بچوں کی شناخت کے لیے ڈی این اے ٹیسٹ کرنے اور ہسپتال انتظامیہ کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔بعدازاں پمز ہسپتال کے ایم سی ایچ وارڈ کو سیل کر دیا گیا۔ریسکیو حکام کے مطابق پمز اسپتال کی نرسری میں آگ پر قابو پانے کے بعد کولنگ کا مکمل کیا گیا ضلعی انتظامیہ کے مطابق اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچیں، امدادی کارروائیوں میں فائر بریگیڈ کی 6 گاڑیوں اور 4ایمبولینسز نے حصہ لیا، آگ پمز ہسپتال کی ایم سی ایچ وارڈ کے تیسرے فلور پر لگی۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق حادثے میں 14 بچے عملہ جھلس گئے، واقعے کی انکوائری کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جو آگ لگنے کی وجوہات کا تعین کرے گی۔ دوسری جانب اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں آگ لگنے سے نومولود بچوں کی اموات کے واقعے سے متعلق ریسکیو ذرائع نے کہا کہ ہسپتال میں فائر سیفٹی انتظامات انتہائی ناقص تھے۔ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ فائر ہوز میں کپلنگز نہیں تھے، فائر پوائنٹ پر پانی بھی نہیں تھا، ہنگامی انخلا کے راستوں پر تالے لگے ہوئے تھے۔ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے وقت انکیوبیشن سینٹر میں ڈاکٹرز، وارڈ بوائے اور کوئی عملہ موجود ہی نہیں تھا۔وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ 14بچوں کے جاں بحق ہونے کی تصدیق ہوچکی ہے، ڈی جی ہیلتھ اور سیکریٹری ہسپتال میں ہیں، متعلقہ حکام والدین کے ساتھ رابطے میں ہیں۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ 6بج کر 45منٹ پر ایئر کنڈیشن میں دھماکے کے بعد آگ لگی جو بہت تیزی سے پھیلی، دھماکے کے ساتھ ہی ہسپتال کی بجلی بھی چلی گئی تھی۔انہوں نے کہا کہ آئی سی یو میں ڈاکٹرز اور عملہ موجود تھا، وہاں موجود عملہ ریسکیو کو بلانے کیلئے گیا تاہم آگ بہت تیزی سے پھیلی، اسپتال میں آگ بجھانے کے آلات کام کر رہے تھے، پمز اسپتال اپنی صلاحیت سے زیادہ کام کر رہا ہے۔دریں اثنا وزیر اعظم شہباز شریف نے پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ لگنے سے نومولود بچوں کی اموات پر دکھ کا اظہار کیا ہے، وزیر اعظم نے آگ لگنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے حکام کو فوری تحقیقات کی ہدایات دے دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بچوں کے ساتھ ایسی صورتِ حال ناقابلِ تلافی ہے، واقعے کے محرکات کا تفصیلی جائزہ لیا جائے اور ذمے داران کا تعین اور سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔وزیر اعظم نے کہا کہ اس واقعے پر دل رنجیدہ ہے، والدین کے اس دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ بعد ازاں پمز ہسپتال میں نومولود بچوں کی ہلاکت کے معاملے پر وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا۔اجلاس کے دوران وزیرِ اعظم شہباز شریف نے متعلقہ افسران پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی سیکریٹری صحت اسلم غوری کو فوری طور پر معطل کر کے عہدے سے ہٹا دیا۔وزیرِ اعظم نے اعلیٰ سطح کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی بھی تشکیل دے دی۔سابق سیکریٹری داخلہ شاہد خان تحقیقاتی کمیٹی کے سربراہ ہوں گے جبکہ دیگر ممبران میں سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ ڈاکٹر بیرسٹر نویل اعوان شامل ہیں۔دوسری جانب ضلعی انتظامیہ نے بھی واقعے کی انکوائری کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں 8رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے،ا

بقیہ 4

گنڈاپور کا بھی وزیر داخلہ سے رابطہ تھا، ہم نے ہمیشہ اس کو سراہا، ہم ہمیشہ زور دیتے ہیں کہ سیاستدانوں کو ایک ساتھ بیٹھنا چاہیے، میثاق جمہوریت ہوا تو پھر تیسرے صاحب آگئے وہ آج تک سنبھالے نہیں جارہے۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ سیاسی بنیاد پر نہیں تھا، بانی پی ٹی آئی کو شفاء ہسپتال ہی لایا جارہا تھا، ایکسینیز نے کہا شفاء ہسپتال لائے تو امن وامان کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے، کہا گیا کہ ڈاکٹر زبانی پی ٹی آئی کا چیک اپ پمز میں کرلیں۔حکومت نے فیصلے پر جو موقف اختیار کیا وہ بھی درست ہے، قانون میں ہے کسی بھی قیدی کا سرکاری ہسپتال سے باہر علاج نہیں ہوسکتا، وزیر اعظم توہین عدالت کے معاملے میں پارٹی نہیں، درخواست میں محسن نقوی کا نام نہیں، سیکرٹری داخلہ کا نام ہے۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے 9مئی سے متعلق کہا تھا یہ ادارے پر حملہ تھا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا تھا 9مئی حملے کو معاف اور بھلایا نہیں جائے گا، کسی کو اب تک معاف کیا گیا ہے نہ معاف کیا جائے گا، 9مئی کو فوج میں بغاوت کی کوشش کی گئی، یہ بہت بڑا جرم ہے۔انہوں نے کہا کہ پمز ہسپتال واقعہ افسوسناک اور والدین کیلئے صدمہ ہے، پمز واقعے کی انکوائری ہونی چاہیے، ملوث افراد کو سزا ملنی چاہیے، وزیر اعظم نے واقعے پر اعلیٰ سطحی اجلاس بلایا، تمام چیزوں کا جائزہ لیا، پمز واقعے میں جو بھی ذمہ دار ہے اس کو مثال بنانا چاہیے، وزیر اعظم کا کام تو نہیں ہے کہ وہ ہسپتال میں جا کر چیک کریں کس چیز کی ضرورت ہے۔

بقیہ 5

خورشید اُترکمیٹی کے رکن ہوں گے جبکہ ڈاکٹر بیرسٹر نبیل اعوان اور ڈی سی اسلام آباد بھی کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔ انکوائری کمیٹی کے ٹرمز آف ریفرنس جاری کردیے گئے۔کمیٹی واقعے میں ملوث افراد کی غفلت اور ذمہ داری کا تعین کرے گی، کمیٹی آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے اصلاحات کی سفارشات تیار کرے گی، دو دن میں عبوری اور پانچ دن میں جامع رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کرے گی۔نوٹیفکیشن کے مطابق انکوائری کمیٹی آتشزدگی کی وجہ اور واقعے کی ٹائم لائن کا تعین کرے گی، واقعے پر اسپتال، فائر بریگیڈ اور ریسکیو عملے کے ردِعمل کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 6

خواجہ اور پینل انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) کے سی ای او فیصل اقبال رتیال کا بھی اہم کردار رہا۔وفاقی محتسب فوزیہ وقار نے بتایا کہ اب شکایت کنندگان اپنا شناختی کارڈ، ای میل اور موبائل نمبر دے کر اکاؤنٹ بنا سکیں گے اور ایک ہی اکاؤنٹ سے کئی شکایات درج اور ٹریک کرسکیں گے۔نوٹس، اپ ڈیٹس اور دستاویزات اب آن لائن ملیں گی، جس سے دفتر کے چکر لگانے اور ڈاک کی ضرورت کم ہوجائے گی۔ان کے مطابق تصدیق شدہ رجسٹریشن سے جھوٹی یا بلاجواز شکایات میں بھی کمی آئے گی۔انہوں نے کہا کہ نیا نظام فوسپا کو مقدمات کی نگرانی میں مدد دے گا اور تاخیر کی نشاندہی آسان ہو گی۔ادارے نے کاغذی کام میں 70 سے 80 فیصد کمی کا ہدف رکھا ہے تاکہ فوسپا مکمل طور پر پیپر لیس بن سکے۔نئی ویب سائٹ پر قوانین، طریقہ کار، حقوق، فیصلے اور اعداد و شمار بھی آسانی سے دستیاب ہوں گے۔محترمہ فوزیہ وقار نے بتایا کہ اگلے مرحلے میں فوسپا مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیٹا اینالیٹکس بھی استعمال کرے گا، جیسے درخواستیں تیار کرنے میں مدد اور فیصلوں کا سرچ ایبل ڈیٹا بیس تخلیق کیا جائے گا۔وفاقی محتسب فوزیہ وقار نے NITB اور فوسپا کی آئی ٹی ٹیم اور تمام متعلقہ افسران کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے یہ منصوبہ ممکن بنایا۔اعظم نذیر تارڑ صاحب نے فوسپا کی ڈیجیٹل ایپ اور CMS کے قیام کو سراہا۔فوسپا کی جانب سے NITB کی ٹیم کو اعزازی شیلڈ پیش کیے گئے۔وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ کو محترمہ فوزیہ وقار کی جانب سے اعزازی شیلڈ، ادارہ جاتی سالانہ رپورٹ بھی پیش کی گئی۔وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت، کام کی جگہ پر ہراسانی کے خلاف مدد کو آسان رسائی بنانے کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ 7

عشقِ مصطفیٰ ﷺ چکوال کی ان کاوشوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بزم کی جانب سے قریہ قریہ اور بستی بستی حضور اکرم ﷺ کے ذکرِ پاک کو عام کرنے کی کوشش قابلِ تحسین ہے۔انہوں نے بزم کے پینل کے شاہ خوانان کی خوبصورت حاضریوں کو بھی سراہا اور بزم کے منتظمین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔خصوصاً بزم فروغ عشقِ مصطفیٰ ﷺ چکوال کے رکن چوہدری منور حسین نے اپنے دولت کدہ پر شرکاء کی بہترین میزبانی کی اور انہیں بھرپور عزت و محبت سے نوازا۔ان کی جانب سے کی جانے والی میزبانی کو شرکاء نے سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر بزم فروغ عشقِ مصطفیٰ ﷺ کے بانی چوہدری عقیل عباس حیدر نے تمام شرکاء، شاہ خوانانِ رسول ﷺ اور اہلِ علاقہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ 12ربیع الاول ہمیں اس عظیم ہستی ﷺ کی ولادتِ باسعادت کی یاد دلاتا ہے جن کی تشریف آوری پوری انسانیت کے لیے رحمت کا پیغام ہے۔چوہدری عقیل عباس حیدر نے کہا کہ بزم فروغ عشقِ مصطفیٰ ﷺ کا مقصد محبتِ رسول ﷺ کو عام کرنا اور نئی نسل سمیت معاشرے کے ہر طبقے تک حضور نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ، اخلاقِ حسنہ اور تعلیمات کا پیغام پہنچانا ہے۔انہوں نے کہا کہ بزم اپنی بساط کے مطابق قریہ قریہ، بستی بستی ذکرِ مصطفیٰ ﷺ کی شمع روشن کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

بقیہ 8

ہوئے زون فور اور فائیو میں جدید ٹیکنالوجی سے کچرے کی وصولی اور تلفی کا نظام متعارف کروا دیا۔سی ڈی اے بورڈ نے بھی دیہی اسلام آباد کے لیے جامع سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پلان کی منظوری دے دی، اسلام آباد کے زون فور اور فائیو کے شہریوں کو ماضی میں سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کی سہولیات میسر نہیں تھیں۔زون فور اور فائیو کی 65یونین کونسلز کو منظم صفائی کے نیٹ ورک میں شامل کیا جائے گا زون فور اور فائیو میں روزانہ تقریباً 342ٹن کچرے کی مینجمنٹ کی جائیگی دیہی اسلام آباد میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لیے 1,610اہلکار تعینات کیے جائیں گے کچرے کی صفائی کے لیے 103مختلف پلان پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی سطح پر ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی قائم کی گئی ہے، جس میں متعلقہ محکموں کے افسران کو شامل کیا گیا ہے۔کمیٹی کا مقصد غیر قانونی اور نان کسٹم پیڈ اشیاء کی روک تھام، انسدادِ اقسام کی مشینری استعمال کی جائے کیمائی گالا، غوری ٹاؤن، لہتراز اور دیگر دیہی علاقوں میں باقاعدہ کچرا اٹھانے کا نظام نافذ کیا جائے گا۔دیہی اسلام آباد میں گھر گھر سے کچرا اٹھانے کا جدید نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس سے شہریوں کی مشکلات کو کم سے کم کرنے میں مدد ملے گی۔کچرے کی منتقلی اور تلفی کے لیے روٹ آپٹیمائزیشن اور جی پی ایس ٹریکنگ استعمال کی جائے گی۔سی ڈی اے کا سالڈ ویسٹ مینجمنٹ نظام مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے مانیٹر کیا جائے گا یونین کونسل کی سطح پر صفائی کی کارکردگی کی روزانہ رپورٹ تیار ہوگی صفائی کے نظام میں ڈیجیٹل حاضری اور فیلڈ ڈپلائمنٹ کا نظام بھی شامل ہوگا اس کے علاوہ ٹیشل مانیٹرنگ کے ساتھ ساتھ سیف سٹی کے زریعے بھی موثر نگرانی کی جائے گی۔لوگوں کی شکایات کو بروقت حل کرنے کے لیے بھی تمام ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ترکی کی معروف ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی معاونت سے جدید صفائی نظام متعارف کرایا جارہا ہے دیہی علاقوں میں طویل روٹس اور تنگ سڑکوں کے لیے منی ٹیرز اور ہینڈ کارٹس استعمال ہوں گے اسلام آباد کا کوئی علاقہ صفائی کے معاملے میں نظر انداز نہیں ہوگا۔چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف مُحمد انوائرمنٹ عبداللہ خرم نیازی منصوبے پر عملدرآمد کی نگرانی کریں گے۔شہریوں نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کے فیصلہ اور سالڈ ویسٹ کی ڈسپوزل کے عملی اقدام کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ اسی طرح فلاح و بہبود اور صفائی ستھرائی کے کاموں کے لیے عملی اقدامات کرتے رہیں جس سے اسلام آباد کو مزید خوبصورت بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 9

انہوں نے ہسپتال میں فائر سیفٹی انتظامات اور دیگر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے موجود ایمرجنسی ایگزٹس کا معائنہ کیا۔انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ایمرجنسی راستوں کو ہر وقت کھلا اور فعال رکھا جائے، فائر فائٹنگ آلات کو مکمل طور پر فعال حالت میں رکھا جائے اور عملے کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے باقاعدہ تربیت اور آگاہی فراہم کی جائے۔انہوں نے ہسپتال کے مختلف حصوں میں فائر ہائیڈرنٹس کی تنصیب کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تمام عملے کی فائر سیفٹی ٹریننگ اور ریسکیو 1122کے ساتھ ماک ڈرل ایکسرسائز کی جائے۔کمشنر نے ہدایت کی کہ ایمرجنسی، آؤٹ ڈور اور دیگر اہم شعبہ جات میں مریضوں کے رش اور انتظار کے وقت کو کم کرنے کے لئے مؤثر انتظامات کئے جائیں۔کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو معیاری، بروقت اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے متعلقہ محکموں اور ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام انتظامی اور طبی امور کی مسلسل نگرانی کی جائے۔کمشنر نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، راہداریوں اور دیگر مقامات پر صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا اور کہا کہ ہسپتالوں میں صفائی کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ صفائی کے نظام کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے اور مریضوں و تیمارداروں کے لئے صاف، محفوظ اور بہتر ماحول کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔دورے کے دوران کمشنر راولپنڈی نے ہسپتال میں ضروری ادویات کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ تمام ضروری اور جان بچانے والی ادویات وطبی سامان کا وافر سٹاک ہر وقت موجود رکھا جائے تاکہ کسی بھی مریض کو ادویات کی عدم دستیابی کے باعث مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 10

اہم نکات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر آپریشنل ریویو فرم کی خدمات حاصل کرنے، انسانی وسائل کی ضروریات اور پروگرام پر مؤثر نگرانی کے نظام کے قیام سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ پروگرام پر عملدرآمد کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔سینئر روبینہ خالد نے بیشل سوشل اکنامک رجسٹری (NSER) ڈیٹا بیس کو پی آئی ایس پی کیلئے اہم قرار دیتے ہوئے درست وتحفوظ، تازہ ترین اور معیاری ڈیٹا برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ مستحق افراد کی مؤثر نشاندہی اور سماجی تحفظ کے اقدامات کی بہتر فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری پی آئی ایس پی ڈاکٹر عصمت نواز اور پی آئی ایس پی کے ڈائریکٹرز جنرل بھی موجود تھے۔بعدازاں سینئر روبینہ خالد نے GIZ کے وفد سے بھی ملاقات کی، جس میں SOPRAN کے اگلے مرحلے کے لیے مجوزہ اصلاح، وفاقی وصوبائی شراکت داروں کے ساتھ تعاون کے طریقہ کار اور تکنیکی اداروں کے ساتھ ممکنہ مفاہمتی یادداشتوں (MoUs) کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد میں ڈاکٹر مریم بیوڈن بینڈر-بیک ہولز، ہیڈ آف BMZ کوآپریشن، جرمن سفارتخانہ؛ ڈاکٹر مینوئل ڈنکن باخ، ڈپٹی ہیڈ آف ڈویلپمنٹ کوآپریشن؛ ماریا کروس ڈک، کلسٹر کوآرڈینیٹر؛ فائزہ وہاب، فوڈ سیکورٹی ایڈوائزر، SP-SHPIII؛ عثمان فیصل، سوشل پروٹیکشن ایڈوائزر، SP-SHPIII؛ اور ہدا بشر گردی، سوشل پروٹیکشن ایڈوائزر، SP-SHPIII شامل تھیں۔سینئر روبینہ خالد نے خیبر پختونخوا بالخصوص پشاور، چترال اور کوہستان میں صحت اور غذائیت سے متعلق اقدامات شروع کرنے پر زور دیا۔انہوں نے بی آئی ایس پی خواتین بینظیر شریز اور ان کے خاندان کے افراد کے لیے بینظیر ہنرمند پروگرام کے تحت ہیلتھ کیئر، ہوم کیئر، کنسٹرکشن اور سپیشلائزڈ کے شعبوں میں سکل ٹریننگ کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔اجلاس میں مستقبل میں تعاون کے لیے لائحہ عمل کو حتمی شکل دینے اور باہمی تعاون کے مزید مواقع تلاش کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ڈی جی NSER/CCT بی آئی ایس پی ڈاکٹر عاصم اعجاز بھی اجلاس میں موجود تھے۔

بقیہ 11

اس فیصلے سے یہ واضح ہوگیا ہے کہ وہ اراضی مالکان جنہوں نے عدالت سے رجوع نہیں کیا، ان بڑھے ہوئے معاوضوں کا دعویٰ نہیں کرسکتے جو عدالت جانے والوں کو دیے گئے تھے۔ یہ فیصلہ 2010 کے ایک عدالتی حکم کو کالعدم قرار دیتا ہے۔اس مسئلے کا آغاز 2007 میں ہوا جب نوشہرہ سے تعلق رکھنے والے ایک اراضی مالک، امیر آفریدی نے کامیابی سے عدالت سے زمین کی وہ زیادہ قیمت حاصل کی جو دیگر اراضی مالکان کو مختلف اور الگ عدالتی مقدمات میں دی گئی تھی۔اس سابقہ فیصلے کے نتیجے میں صرف ایم-ون (M-1) ہائی وے منصوبے پر ہی 300 سے زائد ملتے جلتے مقدمات دائر ہوگئے تھے، کیونکہ عدالت نہ جانے والے مالکان نے بھی اربوں روپے کے اضافی معاوضے کا مطالبہ شروع کردیا تھا۔اس نظرثانی کی اپیل میں کامیابی حاصل کر کے، این ایچ اے نے غیر ضروری مقدمے بازی کا راستہ روک دیا ہے اور حکومت کو بڑے مالی نقصان سے بچالیا ہے۔یہ عدالتی فیصلہ نہ صرف این ایچ اے، بلکہ عوامی منصوبوں کے لیے اراضی ایکوائر کرنے والے تمام وفاقی اور صوبائی سرکاری محکموں کو بھی تحفظ فراہم کرتا ہے۔

بقیہ 12

بھرپور انداز میں مصروف عمل ہوں۔احمد نعیم ملک نے حنان چوہدری کو پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 13

کمشنر کی جرخان خضر ظہور گورائیہ، اے ایس پی سید دانیال حسن، بلدیہ ریگولیشن آفیسر ڈاکٹر چاند نبین سمیت انتظامیہ اور جلوس کے منتظمین نے خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر منتظمین کی جانب سے معزز مہمانوں کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر، اے ایس پی اور منتظمین نے فیتہ کاٹ کر جلوس کا باقاعدہ آغاز کیا۔شہر بھر میں نظر و نیاز، لنگر اور پانی کی سبیلوں کا خصوصی انتظام کیا گیا۔پولیس کی جانب سے سیکورٹی کے بھرپور انتظامات کیے گئے جبکہ صاف ستھرا پنجاب اور بلدیہ گوجرخان کے عملے نے جلوس کے روٹس پر صفائی ستھرائی کے انتظامات یقینی بنائے۔ریسکیو 1122اور ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان کا پیرا میڈیکل عملہ بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے موجود رہا، جبکہ ٹریفک وارڈنز نے جلوس کے راستوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے فرائض انجام دیے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور گورائیہ اور اے ایس پی سید دانیال حسن نے اپنے پیغامات میں کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے محبت، امن، برداشت، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کا بہترین نمونہ ہے۔عید میلاد النبی ﷺ کا پیغام ہمیں باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد، اخوت اور امن کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے۔انہوں نے جلوس کے منتظمین، شہریوں اور تمام متعلقہ محکموں کی جانب سے کیے گئے انتظامات کو سراہا۔جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر شہریوں نے بڑی تعداد میں عقیدت و محبت سے جلوسوں اور ریلیوں میں شرکت کی، جبکہ مساجد میں منعقدہ محافل، اجتماعات اور دعائیہ تقریبات میں ملکی سلامتی، امن و خوشحالی اور امتِ مسلمہ کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔درود و سلام کی صداؤں سے شہر کی فضا روحانی کیفیت میں ڈوبی رہی۔

بقیہ 19

ایگزٹ اور انخلاء کے لیے نصب سائن بورڈز بھی چیک کیے گئے تاکہ ہنگامی صورتحال میں مریضوں، لواحقین اور عملے کے محفوظ انخلاء کو یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 14

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پی کے ایل آئی راولپنڈی میں ایک اہم اجلاس بھی منعقد ہوا۔صوبائی وزیر کو ادارے کی کارکردگی، صحت سہولیات اور انتظامی امور کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے کڈنی اور لیور ٹرانسپلانٹ کی مفت سہولت کا پروگرام جلد شروع ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ پی کے ایل آئی راولپنڈی میں دو لیور ٹرانسپلانٹ ہوئے، جو بڑی کامیابی ہے، طبی عملے کو مبارکباد۔عالمی سطح کی معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ گردوں اور جگر کی تکلیف میں مبتلا مریضوں کو پی کے ایل آئی راولپنڈی میں صحت کی جدید سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ہسپتال میں پنجاب کے علاوہ کے پی کے، شمالی علاقہ جات اور کشمیر سے لوگ علاج کی غرض سے آتے ہیں۔پنجاب میں معیاری صحت کی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کئے ہیں، دوسرے صوبوں سے آئے ہوئے لوگ بھی حکومت پنجاب کے اقدامات کے معترف ہیں۔

بقیہ 15

وقت تیار رہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹینڈنٹس کے اجلاس کے دوران کیا اجلاس میں ہسپتالوں میں فائر واٹر ہائیڈرنٹ سسٹم، فائر الارمز، فائر ایکسٹنگوشرز اور دیگر فائر سیفٹی آلات کی موجودگی، فعالیت اور دستیابی کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی ہسپتال انتظامیہ کو فائر سیفٹی آلات کی باقاعدہ دیکھ بھال، بروقت ٹیسٹنگ اور انہیں ہر وقت قابلِ استعمال حالت میں رکھنے کی ہدایت ک

کندھکوٹ میں ضلعی کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد پر زور

اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر کشور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان نے کی، اے ڈی سی مسرور احمد بجارانی، ڈی ایس پی، اسسٹنٹ کمشنرز کی شرکت

کمیٹی کا مقصد غیر قانونی اشیاء کی روک تھام، انسدادِ تجاوزات، غیر ملکی افراد کی نشاندہی اور این جی اوز کی کارکردگی پر نظر رکھنا ہے

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: ڈپٹی کمشنر کشور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی، ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی برائے سوشو پولیٹیکل ڈومین کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی مسرور احمد بجارانی، ڈی ایس پی، تحصیل کے اسسٹنٹ کمشنرز، قانون نافذ کرنے والے اور خفیہ اداروں کے ضلعی سربراہان، وفاقی و صوبائی محکموں کے افسران اور ضلع بھر میں کام کرنے والی فلاحی این جی اوز کے افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر اور چیئرمین کوآرڈینیشن کمیٹی آغا شیر زمان نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ہدایات کے تحت نیشنل ایکشن (بقیہ نمبر 13)

بینظیر بھٹو ہسپتال میں فائر سیفٹی اور ہنگامی حفاظتی انتظامات کا معائنہ

دورانِ معائنہ تمام فائر ایکسٹنگوشرز کی دستیابی، معیاد اور فعال حالت کو چیک کیا

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (انفورسمنٹ) مسٹر عبدالرحمٰن خان نے ریسکیو ٹیم کے ہمراہ بینظیر بھٹو ہسپتال، راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال میں فائر سیفٹی، فائر فائٹنگ اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورانِ معائنہ تمام فائر ایکسٹنگوشرز کی دستیابی، معیاد اور فعال حالت کو چیک کیا گیا۔ فائر الارم سسٹم، ایمرجنسی (بقیہ نمبر 19)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (انفورسمنٹ) مسٹر عبدالرحمٰن خان ریسکیو ٹیم کے ہمراہ بینظیر بھٹو ہسپتال، راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کر رہے ہیں

ڈی آئی جی ایڈمن لاہو رکا گن مین دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ایڈمن لاہور کے ساتھ حفاظتی ڈیوٹی پر تعینات کانسٹیبل دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گیا۔ بتایا گیا ہے کہ ڈی آئی جی ایڈمن لاہور کے گن مین کانسٹیبل اصغر کو پولیس لائنز میں دل کا دورہ پڑا جسے طبی امداد کے لئے فوری ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔

پاکستان نے فلسطین میں پائیدار امن کیلئے اسرائیلی قبضے کا خاتمہ ناگزیر قرار دیدیا

نیویارک (این این آئی) پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ فلسطین میں اسرائیلی غیر قانونی آبادکاری بدستور جاری ہے، جنگ بندی کے بعد 1200 سے زائد فلسطینی شہید کر دیئے گئے، جنگ بندی برقرار ہے تو حملے کیسے جاری ہیں؟ پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے اجلاس سے خطاب میں کہا غیر قانونی آبادکاری، آبادکاروں کا تشدد اور جبری بے دخلی ختم کرنا ضروری ہے، سلامتی کونسل کے تمام ارکان مقبوضہ علاقوں (بقیہ نمبر 20)

ضلعی انتظامیہ کا 12 ربیع الاول کے موقع پر شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

راولپنڈی (این ای این) آر پی او بابر سرفراز الپا، کمشنر راولپنڈی سلمان غنی، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کا 12 ربیع الاول کے موقع پر شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، افسران نے 12 ربیع الاول کے سیکورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات دیں، ایس ایس پی آپریشنز نے سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی، افسران مرکزی امن کمیٹی اور سیرت کمیٹی کے ارکان سے ملے اور سیکورٹی و دیگر (بقیہ نمبر 23)

ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور کہا ہے کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر (بقیہ نمبر 28)

ضلع کشمور میں بھی عید میلاد النبی ﷺ کی تقریبات کا انعقاد

مساجد میں عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے میلاد کی محافل منعقد کی گئیں

کندھکوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندہ کوٹ پورے ملک کی طرح ضلع کشمور میں بھی جشنِ عید میلاد النبی ﷺ مذہبی عقیدت، احترام، جوش اور جذبے کے ساتھ منایا گیا۔ ضلع بھر کی مختلف مساجد میں عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے میلاد کی محافل اور جلوسوں کے پروگرام منعقد کیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ (بقیہ نمبر 29)

آر پی او بابر سرفراز الپا 12 ربیع الاول کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شہری خدمات کی فراہمی پر کوتاہی برداشت نہیں ہوگی

سرکاری فرائض میں غفلت پر تادیبی کارروائی کی جائے گی، وزیر داخلہ

محسن نقوی کا گوجرانوالا ریجنل پاسپورٹ آفس کا پورا عملہ فوری طور پر ہٹانے کا حکم

اسلام آباد / گوجرانوالہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پنجاب کے شہر گوجرانوالا میں ریجنل پاسپورٹ آفس کا اچانک دورہ کیا اور دفتر کی ابتر صورت حال پر تمام عملے کو فوری طور پر عہدوں سے ہٹانے کا حکم دیدیا۔ جمعرات کو وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گوجرانوالا میں ریجنل پاسپورٹ آفس کا اچانک دورہ کیا جبکہ مبینہ طور پر پاسپورٹ آفس مقررہ وقت سے قبل بند، عملہ غائب، شہریوں کا داخلہ بھی بند اور دفتر کے باہر سے ہی ٹرخائے جانے کی رپورٹس ہیں۔ گوجرانوالا ریجنل پاسپورٹ آفس میں سہ پہر کو 4 بجے ہی پورے دفتر کی صفائیاں اور دفتر میں چھٹی کا سماں تھا، وزیر داخلہ محسن نقوی نے ریجنل پاسپورٹ آفس گوجرانوالہ کی حالت پر شدید برہم کا اظہار کیا اور تمام عملے کو فوری طور پر عہدوں سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔

آتشزدگی میں 14 معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے کا سن کر دل رنجیدہ ہے

حکومت پمز سانحہ پر ذمہ داروں کا تعین کر کے سخت کارروائی کرے، نواز شریف

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے سانحہ میں 14 معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے کا سن کر دل رنجیدہ ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں نواز شریف نے کہا کہ میں غمزدہ والدین کے غم میں برابر کا شریک ہوں، اللہ تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ذمہ داروں کا تعین کر کے سخت کارروائی کرنی چاہیے اور آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کو یقینی بنانا چاہیے۔

ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی اور اسسٹنٹ کمشنر ارشد اقبال نے عید میلاد النبیؐ کے مرکزی جلوس میں شریک ہیں

پمز نرسری سانحہ قومی المیہ، آزاد عدالتی انکوائری کرائی جائے، سٹیز نز فورم

ذمہ دار افسران کو تحقیقات مکمل ہونے تک عہدوں سے ہٹایا جائے، سماجی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی کمیشن برائے انسانی حقوق کے سابق کمشنر چوہدری شفیق نے پمز کے مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ وارڈ کی نرسری میں آتشزدگی کے نتیجے میں نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کو قومی سانحہ قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سانحے کی شفاف اور آزاد عدالتی انکوائری کرائی جائے، ذمہ دار افسران کو تحقیقات مکمل ہونے تک عہدوں سے ہٹایا جائے اور تحقیقاتی رپورٹ عوام کے سامنے لائی جائے۔

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

تھانہ کورال کی حدود سے بھتہ وصول کرنے والے ملزمان گرفتار

نیٹ ورک کو بے نقاب کرنے کے لیے تفتیش کا دائرہ وسیع کیا جائے گا، ایس ایس پی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے تھانہ کورال کی حدود خوری ٹان میں شہریوں کو ہراساں کر کے بھتہ وصول کرنے والے ملزمان کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے بھتہ وصول کرنے والے ملزمان گرفتار کر لئے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق تھانہ کورال پولیس نے سکیورٹی چارجز کے نام پر شہریوں اور پلاٹ مالکان سے بھتہ وصول کرنے والے دو ملزمان کامران مجید اور کاشف کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کامران مجید اور کاشف شہریوں کے گھروں اور پلاٹس پر جا کر بھتہ وصول کرتے تھے۔ ملزمان بالخصوص (بقیہ نمبر 30)

مدرسے کے طالب علم کا تشدد سے جاں بحق ہونے کا معاملہ

گھناؤنے فعل میں ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچیں گے، کلرسیداں پولیس

راولپنڈی (این این آئی) کلرسیداں میں مدرسے کے طالب علم کا تشدد سے جاں بحق ہونے کے معاملے میں کلرسیداں پولیس نے مقدمہ درج کر کے دو ملزمان کو تحویل میں لے لیا، 9 سالہ مقتول محمد فیضان بھکر کا رہائشی اور قریب 4 ماہ قبل کلرسیداں مدرسے میں آیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق کلرسیداں میں مدرسے کے طالب علم کا تشدد سے جاں بحق ہونے کا معاملہ، کلرسیداں پولیس نے مقدمہ درج کر کے دو ملزمان کو تحویل میں لے لیا، 9 سالہ مقتول (بقیہ نمبر 31)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

بلدیہ گوجر خان میں قانون مفلوج بائیو میٹرک غائب رجسٹر پر حاضری

پنجاب بھر میں ڈیجیٹل سسٹم فعال، گوجر خان محروم کیوں؟ سی او اور چہیتے ملازمین کی من مانیوں پر عوامی سوالات

چیف آفیسر کا مشین خراب ہونے اور مینوئل حاضری کا اعتراف شہریوں کا سیکرٹری لوکل گورنمنٹ سے کارروائی کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبے کے تمام سرکاری محکموں میں ڈیجیٹلائزیشن، شفافیت اور پبلک سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہیں، مگر بلدیہ کمیٹی گوجر خان میں جدید بائیو میٹرک حاضری کا نظام غائب کر کے وزیر اعلیٰ کے گڈ گورننس ویژن کو شدید نقصان پہنچایا جا رہا ہے، جس پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش اور غم و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے۔ عوامی حلقوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے سامنے آنے والے شدید تحفظات کے مطابق، جہاں ایک طرف پورے پنجاب اور پاکستان کے تقریباً تمام سرکاری اداروں (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی پولیس کی سٹریٹ کرائم، موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری و نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، 3 گینگز کے 5 افراد گرفتار

رحیم یار خان، کول ٹرین حادثے کا شکار، انجن الٹ گیا

حادثے کے باعث اپ ٹریک بلاک ہو گیا اور ٹرینوں کی آمد و رفت معطل ہو گئی

لاہور (این این آئی) کراچی سے آنے والی یوسف والا کول ٹرین فیروزہ ریلوے اسٹیشن کے قریب حادثے کا شکار ہو گئی۔ کوئلے سے بھری ٹرین بریک نہ لگنے کے باعث سینڈ ہمپ میں ٹھس گئی جس کے باعث کول ٹرین کا انجن ہی الٹا گیا۔ انجن کے ساتھ 10 ویگنیں پٹڑی سے اتر گئیں جبکہ حادثے کے باعث اپ ٹریک بلاک ہو گیا اور ٹرینوں (بقیہ نمبر 32)

شاہکوٹ میں جشن عید میلاد النبی ﷺ کا عظیم الشان جلوس

چیف وہپ پنجاب و ایم پی اے رانا محمد ارشد نے بھی جلوس میں خصوصی شرکت کی

شاہکوٹ (میاں داؤد): جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں شاہکوٹ میں عظیم الشان اور پُر وقار جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا منزل کی جانب رواں دواں ہے۔ جلوس میں شہر بھر سے عاشقانِ رسول ﷺ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں شریک ہیں۔ جلوس کے دوران شہر کی فضائیں درود و سلام اور نعتِ رسولِ مقبول ﷺ کی صداؤں سے گونج رہی ہیں۔ چیف وہپ پنجاب و ایم پی اے (بقیہ نمبر 34)

چوآ سیدن شاہ جشن میلاد النبی ﷺ عاشقانِ رسول ﷺ کا والہانہ اظہارِ عقیدت

بچے، بوڑھے اور جوان بھرپور جذبۂ عشقِ رسول ﷺ کے ساتھ شریک، علماء کرام و شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت، سکیورٹی کے فول پروف انتظامات

ایس ایچ او تھانہ چوآ سیدن شاہ کی خصوصی نگرانی میں سکیورٹی اور ٹریفک کے فول پروف انتظامات کیے گئے،

ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں تفتیشی افسران سے میٹنگ کر رہے ہیں

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآ سیدن شاہ میں جشنِ عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مذہبی عقیدت و احترام اور بھرپور جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا، مرکزی جلوس میں بچے، بوڑھے اور جوان سمیت علماء کرام، مذہبی شخصیات، اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ محمد اقبال اور شہریوں کی بڑی تعداد نے بھرپور جذبۂ عشقِ رسول ﷺ کے ساتھ شرکت کی۔ مرکزی جلوس کا آغاز میونسپل کمیٹی آفس سے تلاوت قرآن پاک اور نعتِ رسول مقبول ﷺ سے ہوا، جو شہر کے مختلف روٹس (بقیہ نمبر 17)

آزاد جموں و کشمیر میں وزیر اعظم کے انتخاب کا عمل ایک روز کیلئے ملتوی

نماز جمعہ کے بعد وزیر اعظم کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر میں وزیر اعظم کے انتخاب کا عمل ایک روز کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔ اسمبلی اجلاس اسپیکر چوہدری طارق فاروق نے قواعد و ضوابط کے تحت حاصل اختیارات استعمال کرتے ہوئے ایک روز کیلئے آگے کر دیا۔ وزیر اعظم (بقیہ نمبر 36)

ریسکیو 1122 کی ٹیموں کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری کا دورہ

آگ یا ہنگامی صورتحال میں فوری استعمال کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس کی ٹیموں نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوٹلی ستیاں اور جنرل ہسپتال سالٹی کا دورہ کیا اور ہسپتالوں میں موجود فائر سیفٹی انتظامات (بقیہ نمبر 37)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پر ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس کی ٹیمیں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال مری و دیگر ہسپتالوں کا معائنہ کر رہی ہیں

تھانہ سٹی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سٹی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری اپریل 2026 سے پولیس کو مطلوب تھا، سٹی پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر چھری کے وار سے اپنے بھائی کو زخمی کر دیا تھا، اشتہاری جنوری 2023 سے پولیس کو مطلوب تھا، رتہ امرال پولیس نے ٹیکنیکل و (بقیہ نمبر 33)

3 گینگز کے 5 افراد گرفتار، 15 مسروقہ موٹر سائیکل، مسروقہ رقم برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے سٹریٹ کرائم، موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری و نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 3 گینگز کے 5 افراد گرفتار، 15 مسروقہ موٹر سائیکل، مسروقہ رقم، 2 گھڑیاں اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے 2 رکشہ گینگ کو گرفتار کر کے 8 مسروقہ موٹر سائیکل و رقم برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے 4 مسروقہ (بقیہ نمبر 35)

بڑے منشیات سپلائر سمیت 4 منشیات سپلائر گرفتار، چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے بڑے منشیات سپلائر سمیت 4 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 11 کلو چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے بڑے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 5 کلو 300 گرام چرس برآمد کی، مندرہ پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 2 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، ریس کورس (بقیہ نمبر 38)

گوجر خان عید میلاد النبی ﷺ مذہبی جوش و خروش سے منائی گئی

مساجد میں محافلِ میلاد دعائیہ تقریبات مرکزی جلوس میں اے سی خضر ظہور اور اے ایس پی دانیال حسن کی خصوصی شرکت

پولیس، بلدیہ، ریسکیو 1122 اور ٹریفک پولیس کے بھرپور انتظامات، شہریوں کی بڑی تعداد میں عقیدت و محبت سے شرکت

گوجر خان (قمر شہزاد) جشنِ عید میلاد النبی ﷺ گوجر خان میں بھی مذہبی جوش و خروش، عقیدت و احترام اور والہانہ محبت کے ساتھ منایا گیا۔ شہر کے مختلف علاقوں سے جلوس اور ریلیاں نکالی گئیں جبکہ مساجد میں محافلِ میلاد، خصوصی اجتماعات اور دعائیہ تقریبات کا انعقاد بھی کیا گیا۔ دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام مرکزی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا مرکزی جامع مسجد فیضانِ مدینہ پہنچا، جہاں دیگر جلوس بھی قافلوں کی صورت میں شامل ہو کر اختتام پذیر ہوئے۔ مرکزی جلوس میں اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 18)

ہری پور میں 5 سال کی بچی سے زیادتی کی تصدیق

خون بہہ جانے اور صدمے میں جانے سے بچی کی موت ہوئی، پوسٹ مارٹم رپورٹ

ہری پور (این این آئی) ہری پور میں 5 سال کی بچی سے زیادتی کی گئی تھی، پوسٹ مارٹم رپورٹ میں تصدیق ہو گئی۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق بچی دوران زیادتی ہی دم توڑ گئی تھی، بچی کو مردہ حالت میں کنویں میں پھینکا گیا تھا، خون بہہ جانے اور صدمے میں جانے سے بچی کی موت ہوئی۔ پوسٹ مارٹم کے لیے ایم ایس ڈاکٹر منور کی سربراہی میں 8 رکنی بورڈ بنایا گیا تھا۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ہری پور میں 5 سالہ بچی آیت نور کی لاش لاپتہ ہونے کے 15 دن بعد ملی تھی، بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد قتل کر کے لاش کنویں میں پھینک دی گئی تھی۔ پولیس کا کہنا تھا کہ بچی کی لاش یونیورسٹی روڈ پر ویز ہاؤس کے کنویں سے ملی ہے، آیت نور گھر سے باہر کھیلنے (بقیہ نمبر 39)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

Call / Whatsapp 0309-7900035

E-Commerce Website Price: 6000/-

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کمشنر آفس راولپنڈی میں ہسپتالوں میں آگ لگنے سے بچاؤ کے اقدامات بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خواجہ سلمان رفیق کا پی کے ایل آئی راولپنڈی کا دورہ

وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے کڈنی اور لیور ٹرانسپلانٹ کی مفت سہولت کا پروگرام جلد شروع ہوگا۔ خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر صحت نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں سے سہولیات بارے دریافت کیا

راولپنڈی (این ای این) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پی کے ایل آئی راولپنڈی کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا اور صحت سہولیات کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر نے علاج معالجے کے لیے آئے ہوئے مریضوں سے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی صحت سہولیات بارے دریافت کیا۔ بعد ازاں صوبائی (بقیہ نمبر 14)

حنا جاوید قتل کیس: ملزمان کا مزید 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

راولپنڈی (این این آئی) حنا جاوید قتل کیس میں عدالت نے ملزمان فیصل اصغر اور ملازم ذیشان کو مزید 3 روز کے جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ مقتولہ حنا جاوید کے وکیل شاہ خاور ایڈووکیٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی تفتیش فی الحال درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔ شاہ خاور ایڈووکیٹ نے کہا کہ پولیس نے شواہد اکٹھے (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد ٹریفک پولیس کی جانب سے طلباء اور شہریوں میں ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے جاری مہم میں آگاہی فراہم کی جا رہی ہے

واقعہ صبح 6 بج کر 38 منٹ پر پیش آیا، آتشزدگی کی ابتدائی رپورٹ آگئی

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال کی نرسری میں آگ لگنے کے افسوسناک واقعے کی ابتدائی رپورٹ سامنے آگئی۔ پمز ہسپتال میں آگ لگنے کے واقعے سے متعلق انتظامیہ نے ابتدائی بیان جاری کر دیا جس کے مطابق آگ لگنے کا واقعہ صبح 6 بج کر 38 منٹ پر پیش آیا۔ رپورٹ کے مطابق نرسری کے اندر چنگاری بھڑکی اور چند سیکنڈ میں شدید آگ پھیل گئی، انکیوبیٹر پر آکسیجن پوائنٹس کے باعث آگ نے اچانک شدت اختیار کی۔ پمز انتظامیہ کے مطابق 2 ڈاکٹرز اور 2 نرسز نے ریسکیو آپریشن شروع کیا۔

ریلوے لائن کراس کرتے نامعلوم شخص ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق

ٹرین راولپنڈی سے کراچی جا رہی تھی کہ ٹریک کراس کرتے ہوئے شخص اس کی زد میں آگیا

ملتان (این این آئی) ریلوے ٹریک کراس کرتے ہوئے نامعلوم شخص پاکستان ایکسپریس کی زد میں آکر جاں بحق ہو گیا۔ حادثہ ممتاز آباد میں پرویز الٰہی پارک کے قریب ریلوے ٹریک پر پیش آیا، ٹرین راولپنڈی سے کراچی جا رہی تھی کہ ٹریک کراس کرتے ہوئے شخص اس کی زد میں آگیا، حادثے میں تقریباً 35 سالہ نامعلوم شخص کو سر پر شدید (بقیہ نمبر 25)

پاشا کے چیئرمین سجاد مصطفیٰ سید کیخلاف تحریک عدم اعتماد منظور

سینئر وائس چیئرمین کو قائمقام چیئرمین کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن کے چیئرمین سجاد مصطفیٰ سید کے خلاف سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں تحریک عدم اعتماد منظور ہونے کے بعد ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین کو قائمقام چیئرمین کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں، تحریک عدم (بقیہ نمبر 26)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کا ہسپتالوں میں فائر سیفٹی انتظامات یقینی بنانے کا حکم

فائر واٹر ہائیڈرنٹ سسٹم، فائر الارمز، فائر ایکسٹنگوشرز اور دیگر آلات کی موجودگی اور فعالیت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں حفاظتی انتظامات کو ہر صورت یقینی بنانے پر زور دیا گیا

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ ہسپتالوں میں نصب فائر ہائیڈرنٹ سسٹم اور دیگر حفاظتی آلات مکمل طور پر فعال بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ہسپتالوں میں تمام حفاظتی انتظامات یقینی ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ہسپتالوں میں مؤثر فائر سیفٹی نظام اور فعال فائر ہائیڈرنٹس کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت اور مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ناگزیر ہیں۔ ہسپتالوں میں ٹیکنیکل سٹاف کسی بھی آگ یا ہنگامی صورتحال میں حفاظتی انتظامات کے فوری استعمال کے لیے ہمہ (بقیہ نمبر 15)

سرگودھا، تیز رفتار ٹرک اور کار کے تصادم میں ماں بیٹا جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ٹرک اور کار کے تصادم میں ماں بیٹا جانبحق اور 3 افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ جوہر آباد میں روڈہ آدھی کوٹ روڈ پر اڈا قادر آباد کے قریب تیز رفتار کار اور ٹرک کے تصادم میں کار سوار عارش اقبال اور اس کی ماں نازیہ جان بحق اور 3 افراد زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ بتایا گیا کہ محمد اقبال اپنی بیوی نازیہ بی بی بیٹوں (بقیہ نمبر 27)

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیوں اور شہریوں کو بروقت خدمات کی فراہمی میں نمایاں کارکردگی پر ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد تقسیم کیں